سکریٹری (ER) کا قزاقستان کا سرکاری دورہ (20-21 مئی 2024)

17مئی، 2024

وزارت خارجہ میں سکریٹری (اقتصادی تعلقات)جناب دمو روی 20-21 مئی 2024 کو آستانہ، قزاقستان کا دورہ کریں گے۔

2. آستانہ میں، سکریٹری (ER) مورخہ 21 مئی 2024 کو شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے خارجہ کی کونسل کی میٹنگ میں حکومت ہند کی نمائندگی کریں گے۔ اجلاس میں SCO کے سربراہان مملکت کی کونسل کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا اور جائزہ لیا جائے گا۔ شنگھائی تعاون تنظیم میں جاری تعاون، اور مشترکہ تشویش کی علاقائی اور عالمی پیش رفت پر خیالات کا تبادلہ بھی کیا جائے گا۔

3. دورے کے دوران، سکریٹری (ER) سے SCO کے رکن ممالک کے اپنے ہم منصبوں اور قزاقستان کی حکومت کے سینئر عہدیداروں کے ساتھ بھی ملاقاتیں متوقع ہیں۔

نئی دہلی
17 مئی 2024